<u>وزیر مال:</u> اچھا۔تو میرے خیال میں انہوں نے انہی اضلاع کا غیر دانستہ طور پر اعتراف کیا کہ اس بجٹ میں جو غریب غریب علاقے ہیں،ان کو تو ضرور ملحوظ خاطر رکھا ہے اور یہ بجٹ یہ صوبائی دارالحکومت کے مسائل کا تخمینہ نہیں ہوتا ہے، یہ پورے صوبے کے وسائل اور مسائل کو مد نظر رکھ کر بنایا جاتا ہے۔تو میرے خیال میں اس سے انہوں نے خفیہ، غیر اعلانیہ طور پر، زبان پر تو یہ کہا کہ اس بجٹ میں غریبوں کے لئے کچھ نہیں رکھا ہے، لیکن غیر اعلانیہ اور غیر احساسی طور پر انہوں نے اس ہاؤس کے سامنے یہ اعتراف کر لیا کہ یہ بجٹ غریبوں کا بجٹ ہے۔غریب علاقے کا بجٹ ہے۔ (تالیاں) اس پر میں موجودہ حکومت کو داد دیتا ہوں اور حقیقت میں ہے بھی اسی طرح جناب سپیکر۔اس کا احساس بشیر احمد بلور صاحب نہیں کر سکتا ہے۔کیونکہ ارشاد ہے۔

قدر زر زرگر شناسد قدر جوہر جوہری

قدر گل بلبل شناسد قدر دلدل شاہ علی

(تالیاں)

وزیر مال: میرے ممبر کے لئے روڈ کا کیا مسئلہ ہے،ان کے لئے سکول کا کیا مسئلہ ہے،ان کے لئے گھر کا کیا مسئلہ ہے، یہ جس حویلی میں رہتے ہیں ان کو کیا پتہ کہ غریب لوگوں کو کیا تکالیف ہیں؟اس کا احساس تو میں کر سکتا ہوں، کوہستان کے پہاڑوں میں رہنے والا، کہ اس بجٹ میں ان پہاڑوں میں رہنے والے لوگوں کی ضریات زندگی کو ملحوظ خاطر رکھا ہے یا نہیں؟ یہ بات ہے اور جہاں تک انہوں نے چند ایک دوسرے ارشادات کی طرف اشارہ فرمایا تو جناب سپیکر، کہتے ہیں کہ نیم حکیم جان کا خطرہ اور نیم ملا دین کا خطرہ۔جناب سپیکر!ایک طرف تو انہوں نے فرمایا کہ سود خدا اور رسول کے ساتھ اعلان جنگ کرنا ہے، مانتا ہوں اس بات کو لیکن دوسری طرف ان کے ذہن میں یہ بات بھی ہونی چاہئے کہ جہاد بھی الجہاد ماض الی یوم القیامۃ۔ایک طرف تو کہتے ہیں کہ سود کو ختم کرنا چاہئے مگر میں ان کو تب مخلص مانتا کہ جو جہادی قوتیں ہیں، جہاد بھی اسلام کا ایک حکم ہے اور ہماری فوج کے مونو گرام، میں یہ بات درج ہے یعنی "جہاد" کا لفظ، شاید یہ غیر اعلانیہ طور پر اس کی مخالفت نہ کرتے۔اس لئے میں ان کی اس پہلی بات پر کہ یہ جو سود کی انہوں مخالفت کی، میں اس کو مخلص اس لئے نہیں سمجھتا کہ اگر یہ جو خلاف قانون، خلاف شریعت تمام احکامات ہیں جہاد کے بارے میں جناب سپیکر صاحب، جناب رسول ﷺ کا ارشاد ہے۔"الجہاد ماض الی یوم القیامۃ"

جناب بشیر احمد بلور: دا ما نہ دے کڑے سود بارہ کښې دا قرآن کښې دے۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب، پلیز۔

وزیر مال:: جناب سپیکر! میں یہ بات اس اسمبلی کے فلور پر۔۔۔

Mr. Speaker:- Please, order, please.

وزیر مال:: اس اسمبلی کے فلور پر میں یہ بات بڑے ادب سے عرض کرونگا۔جناب سپیکر! فرماتے ہیں

دل ہے آزادی شکم پیغام موت

فیصلہ تیرا تیرے ہاتھوں میں ہے دل یا شکم

جناب سپیکر! میں یہ بات دعویٰ سے کہتا ہوں کہ اس ملک کو مسلم لیگ نے بنایا لیکن میں یہ بات بھی دعویٰ سے کہتا ہوں کہ مسلم لیگ کو مسلمانوں نے بنایا لیکن یہ بات بھی میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ ایک سو پچاس سالہ فرنگی دور غلامی میں مسلمانوں کو ملانے بنایا۔ ملانے مسلمان بنایا، مسلمانوں نے مسلم لیگ بنائی اور مسلم لیگ نے پاکستان بنایا۔ اگر پھر کوئی یہ کہے کہ یہ ملک بنانے میں ملا کا کردار نہیں ہے تو میرے خیال میں یہ بات درست نہیں ہو سکتی۔ یہ تاریخ کو مسخ کرنے کی بات ہے۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب! اس بات کا بجٹ سے کیا تعلق ہے؟

جناب سپیکر: آپ حوصلہ رکھیں، آپ سنیں۔ تھوڑا سا حوصلہ رکھیں۔ آپ کو موقع دیا جائے گا۔ آپ نوٹس لیں بالکل۔

وزیر مال:: جناب سپیکر! میں یہ بات کہوں گا کہ یہ ایک نظریاتی ملک ہے۔

جناب سپیکر: آرڈر پلیز۔

وزیر مال:: اس ملک کا نام "اسلامی جمہوریہ پاکستان" ہے۔ یہاں اسلام کے احکامات کو مد نظر رکھے بغیر اگر ہم چلنا چاہیں تو پھر میں یہ کہوں گا کہ اس ملک سے، اس خطے سے انگریزوں کو ہٹانے کی کوئی ضرورت نہیں تھی۔ اگر یہاں ہم اسلامی نظریئے کو نظر انداز کریں۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: جناب سپیکر صاحب! مجھے تھوڑا وقت دیجئے۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ مسلم لیگ نے بے شک اس پاکستان کو بنایا ہے لیکن *****

جناب سپیکر: مولانا تاسو کبنیئ۔

(اس مرحلہ مسلم لیگ (ق) کے اراکین نے معزز رکن کے ریمارکس پر احتجاج کیا)

جناب مشتاق احمد غنی: جناب! اگر بجٹ پر تقریر ہے تو بجٹ سے متعلق بات ہونی چاہیئے اور مولانا جو کہتے ہیں، وہ اور قسم کی جو باتیں آرہی ہیں۔۔۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: جی ہاں بالکل یہ * + + + + + + + +۔۔۔۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر! یہ بجٹ کا ماحول بالکل نہیں ہے۔ اگر آج ہم یہاں بیٹھے ہیں تو ہم احتجاجاً بیٹھے ہوئے ہیں۔ لیکن پھر صوبے کی، ہم احتجاجاً واک آؤٹ کرتے ہیں۔

(اس مرحلہ پر معزز اراکین مسلم لیگ (ق) نے ایوان سے واک آؤٹ کیا)

جناب سپیکر: پلیز بیٹھ جایئے۔ Please, no disturbance at all. Mushtaq Ghani! Please, silence.

(شور)

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب! آپ کو جمہوری حق حاصل ہے۔ آپ بیٹھتے ہیں تو بیٹھ جائیں اور اگر باہر جانا چاہتے ہیں تو بالکل یہ آپ کا جمہوری حق ہے۔ جو فیصلہ آپ کو کرنا ہے، آپ آزاد ہیں اس میں۔ جی مولانا صاحب آپ Continue رکھیں۔ Continue please۔ حوصلہ رکھیں دل گردہ بڑا رکھیں۔

مولانا محمد عصمت اللہ: مجھے انتہائی افسوس سے کہنا پڑتا ہے۔ اگر فاضل ممبر، مشتاق احمد غنی صاحب جو مجھے ابھی آپکی وساطت سے نصیحت کر رہے ہیں، کاش بشیر احمد بلور صاحب کو بھی کرتے۔ جناب سپیکر! بات اصل میں یہ ہے کہ اگر ہم ان کو اسلام کے نظریئے سے نکالیں تو پھر ہمیں دو قومی نظریئے کی ضرورت کچھ بھی نہیں۔ یہ ملک ایک نظریئے کی بنیاد پر بنا ہے۔ اب ہم اس نظریئے کے مقصد کو نظرانداز کر کے یہاں

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کئے گئے۔

رہنے کی کوشش کریں تو جناب سپیکر، ایسا ہو گا جیسا کہ ایک آدمی چارپائی بنانے کے بعد اس پر سونے کی بجائے اس کے اوپر پیشاب کرے تو آپ اس کو کیا کہیں گے؟ آپ اس کو دانشور کہہ سکیں گے، آپ اس کو عقل مند کہہ سکیں گے کہ وہ چارپائی بناتا ایک مقصد کے لئے ہے اور پھر اس کو کسی اور مقصد کے لئے استعمال کرے؟

جناب سپیکر: پلیز، پلیز، آپ نوٹس لے لیں، پھر آپ اگر جواب دینا چاہیں تو دے سکتے ہیں۔

وزیر مال: جناب سپیکر! یہاں میں ادب سے عرض کروں گا کہ اقبال صاحب فرماتے ہیں۔

اے میرے سپاہ میں نے تیری سپاہ دیکھی ہے
قل ھو اللہ احد کے تیر سے خالی ہے نیام

یہ باتیں اس لئے یہاں پر ہو رہی ہیں یہاں پر جناب سپیکر، میں بجٹ کی طرف آتا ہوں لیکن وہ یہاں پر بات کو کسی اور طرف لے گئے۔ تو یہ بجٹ ایک فاضل بجٹ ہے۔اس بجٹ میں اس صوبے کے تمام غریب۔

(شور)

Mr. Speaker:- Please no interference at all.

اگر آپ دلچسپی نہیں رکھتے تو میں نے پہلے کہہ دیا ہے۔خدارا یہ ہاؤس ہے۔اس کی کچھ روایات ہیں۔آپ تھوڑا سا ڈسپلن اور اس کا خیال رکھیں۔

وزیر مال: جناب سپیکر! جب اس ملک میں، اس ہاؤس میں ان کی غیر شرعی باتوں کو ہم گوارہ کرتے ہیں تو ہماری شریعت کے مطابق باتوں کو یہ میرے فاضل ممبران کیوں برداشت نہیں کرتے؟

جناب سپیکر: مولانا صاحب! بجٹ پہ آجائیں، بجٹ پہ۔

وزیر مال: تو یہ بجٹ ایک فاضل بجٹ ہے۔

جناب سپیکر: پلیز، مختیار علی خان، بجٹ پہ آجائیں۔

جناب مشتاق احمد غنی: ہم نے کب شریعت کی مخالفت کی ہے۔

(شور)

جناب سپیکر: کیا آپ میں سننے کا حوصلہ نہیں ہے؟

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: اپنی کہانی سننے کی استطاعت پیدا کریں

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: جی مولانا عصمت اللہ صاحب، ٹائم ختم ہو رہا ہے۔ مختیار علی، پلیز۔ مولانا! آپ بجٹ پہ آجائیں۔ آپ کے صرف پانچ منٹ رہ گئے ہیں۔

وزیر مال: میرا سارا ٹائم تو انہوں نے خراب کر دیا ہے۔ جناب سپیکر بنیادی بات یہ ہے کہ اس بجٹ میں تعلیم کے حوالے سے، صحت کے حوالے سے اور روڈوں کے حوالے سے، مواصلات کے حوالے سے جو اس صوبے کے غریب خطے تھے، غریب خطے دور دراز علاقے کے ان کو ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے۔

جناب سپیکر: مختیار علی خان، پلیز۔

جناب مختیار علی خان: جناب!دوئ کوم غیر شرعی خبرو حواله ورکړه نو د هغې دوئ وضاحت به او کړی؟

جناب سپیکر: نه کیږی۔هغوې تقریر ته پریږدئ که نه پریږدئ؟جی مولانا صاحب۔مختیار علی خان،ځئ۔

وزیرمال: زه د دې وضاحت کوم۔یہ بشیر بلو صاحب نے جو جہاد کے متعلق بات کی ہے،یہ غیر شرعی بات۔اس کی طرف میں نے اشارہ کیا ہے۔کیا جہاد شرعی نہیں ہے؟

(قطع کلامیاں/شور)

وزیرمال : جب ہم سنتے ہیں تو آپ لوگوں کو بھی سننا چاہیئے (تالیاں) جناب سپیکر!ہم مسلمان قوم کے ووٹوں سے منتخب ہو کر آئے ہیں۔ہمیں مسلمان ماؤں اور بہنوں نے ووٹ دیا ہے۔ہم مسلمانوں کے کوٹے میں آئے ہیں۔ان لوگوں نے ہمیں اس لئے بھیجا ہے کہ یہ ملک مسلمانوں کا ہے۔یہ ملک اسلام کے نام پر بنا ہے۔

جناب سپیکر: په بجټ باندې راشه۔بجټ باندې راشه۔بجټ باندې راشه۔

(شور)

وزیرمال: یہاں پر آکر آپ کی پہلی نظریں اسلام۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر:بشیر بلور صاحب،بشیر بلور صاحب،حوصلہ رکھیں،حوصلہ رکھیں،حوصلہ رکھیں۔

(شور)

جناب بشیراحمد بلور: دا غیر شرعی خبره متعلق چې کومه خبره کوی نو دا خو Expunge کړئ کنه۔مونږ دا نه ده کړې نو دوئ ولے دا خبره کوی؟

(شور)

جناب سپیکر:حوصلہ رکھیں،میرے خیال میں حوصلہ۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: تاسو اوکړئ کنه۔تاسو Expunge کولے شئ دا خبره۔تاسو Expunge کړئ۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر مال: میں نے یہ کہا ہے اگر اختلاف رائے ہو سکتا ہے کہ یہ غیر شرعی ہے، یہ شرعی ہے لیکن بشیر بلور صاحب نے جو جہاد کے متعلق بات کی ہے، اس کو میں غیر شرعی کہتا ہوں کیونکہ جہاد شریعت کا حکم ہے۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! دا "غیر شرعی"، ټکے د کاروائی نه Expunge کړئ۔ "غیر شرعی" چې دوی وائیلے دے، هغه Expunge کړئ۔

(شور)

وزیر مال: جناب سپیکر! جو آٹھ اضلاع میں انہوں نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال رکھے ہیں تو ان کو سوچنا چاہیئے۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب، پلیز۔ (مولانا محمد عصمت اللہ) پوره مو کړه که نه جی؟ اوس په بجټ باندې راشه۔ په بجټ، په بجټ راشه۔

وزیر مال: په بجټ راځم۔

جناب سپیکر: بس ټائم دختم دے۔ دوه منټه پاتے دی۔

وزیر مال: بالکل ٹھیک۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! خالی دا غیر شرعی خبره د Expunge کړی، نور زمونږ څه جهګړا نه ده۔

جناب سپیکر: غیر شرعی څه خبره ده؟

جناب بشیر احمد بلور: داوائی غیر شرعی باتیں کرتے ہیں، مونږ خو پکښې څه نه دی وائیلے۔۔۔۔

(شور)

وزیر مال: غیر شرعی میں نے یہ کہا ہے، میں اسکی وضاحت کروں، بشیر بلور صاحب نے کہا کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وضاحت تو سنئیے۔ وضاحت سنئیے، پلیز۔

وزیرمال: بشر بلور صاحب نے فرمایا کہ آپ لوگ جہاد کے جو نعرے ہیں،ان کو بند کریں، چھوڑ دیں کیونکہ اس سے خطرہ پہنچا ہے کہ اس سے افغانستان کو مار پڑی ہے۔اس سے عراق کو مار پڑی ہے اس کو فلاں جگہ پر مار پڑی ہے۔تو مار کیوں نہیں پڑے گی جب آپ ہمارا ساتھ نہ دیں،جب آپ ان لوگوں کے ساتھ ہیں۔(تالیاں)ان لوگوں کے نظریات کو اپنائیں جو مسلمانوں کو مارنے والے ہوں،جو مسلمانوں کے اوپر بم برسانے والے ہوں۔ مسلمانوں کی اس شکست کے ذمہ دار وہ لوگ نہیں ہیں۔۔۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: پلیز،پلیز۔

وزیرمال: بلکہ وہ مسلمان ہیں،وہ مسلمان حکمران ہیں جوان لوگوں کے دلال اور چمچوں کیوجہ سے ہیں۔

(تالیاں)

جناب بشیر احمد بلور: جناب! Personal explanation جی Personal explanation باندې ریکویسټ کوم۔ مادا وئیلے دی چې افغانستان کښې شل لکهه پښتانه وژلے شوې دی، مسلمانان وژلے شوې دی، ما د "البدر" او د "الشمس"خبره کړې وه چې ایسټ پاکستان کښې کوم جهاد وو؟ایسټ پاکستان کښې پاکستانیان وو، مسلمانان وو، "البدر" او "الشمس" والا هلته جهاد کړے دے۔ شل لکهه مسلمانان ئے شهیدان کړی دی او ایسټ پاکستان وو، پاکستانیان وو۔ بیا دا افغانستان خبره کوی۔ افغانستان کښې څوک مړه شو؟ څومره انګریزان پکښې مړه شوې دی؟ څومره روسیان پکښې مړه شوی دی؟ شل لکهه زما پښتانه مسلمانان مړه شولو۔ زه دا وایم چې دا کوم دوئ څه وائی په دے مونږ احتجاج کوؤ۔

جناب سپیکر: جی مولانا عصمت اللہ۔

وزیرمال: جناب سپیکر!مادا وائیل چې هغوې دچا په دلالئ باندې مړه شو۔میں کہتا ہوں کہ افغانستان میں جو مسلمان مرے ہیں۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: بجٹ،بجٹ،بجٹ۔

وزیر مال: ان کے متعلق کہہ رہا ہوں لیکن یہ کس کی دلالی میں مرے ہیں؟

جناب بشیر احمد بلور: یہ آپ کی دلالی میں مرے ہیں جب آپ امریکہ سے پیسے لیتے ہیں (شور)

مولانا محمد مجاہد الحسینی: تم نے امریکہ کا ساتھ دیا ہے۔ تم نے امریکہ کا ساتھ دیا ہے۔ تم نے مروائے، ہم نے شہید کروائے۔

(شور)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر یہ اقبال کو Quote کرتے جا رہے ہیں۔

(شور)

جناب سپیکر: پلیز آرڈر۔ (شور) وائی، وائی، وائی۔ پلیز۔ سلمیٰ بابر صاحبہ، سلمیٰ بابر صاحبہ پلیز۔ آپ تقریر شروع کریں رفعت اکبر سواتی صاحبہ، آپ بیٹھ جائیں۔ بیٹھ جائیں۔ (شور) پلیز، پلیز، بشیر بلور صاحب، بشیر بلور صاحب، امانت شاہ، پلیز، پلیز۔ بشیر بلور صاحب۔ سلمیٰ بابر صاحبہ، سلمیٰ بابر صاحبہ پلیز آپ تقریر شروع کریں (شور) میں فلور دے رہا ہوں سلمیٰ بابر صاحبہ کو، میں فلور دے رہا ہوں سلمیٰ بابر صاحبہ کو۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تو اقبال کو Quote نہ کریں کیونکہ وہ بار بار ایک بات کو، پلیز

جناب سپیکر: میں فلور دے رہا ہوں سلمیٰ بابر صاحبہ کو پلیز۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:

ملاں کی آذاں اور

اور مجاہد کی آذاں اور

یہ دیکھیں کہ علامہ اقبال نے۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: پلیز، سلمیٰ بابر صاحبہ پلیز، سلمیٰ بابر صاحبہ آپ تقریر شروع کریں۔ پلیز مولانا صاحب بیٹھ جائیں۔

محترمہ سلمیٰ بابر: بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔

بعد مدت کے جو تحریر تمہاری آئی ہے

خوش ہوئے ہم کہ تجھے یاد ہماری آئی ہے

**معزز سپیکر صاحب! محترم قائد ایوان، معزز اراکین ایوان! السلام علیکم** کسی بھی ملک کا نظم ونسق چلانے کے لئے اس کی منصوبہ بندی ضروری ہوتی ہے اور آمد و خرچ کا جو سٹیٹمنٹ تیار کیا جاتا ہے، اس کو بجٹ کا نام دیا جاتا ہے تا کہ حکومت چلانے میں آسانی ہو۔ اسی طرح آج کا موضوع زیر بحث ہے "بجٹ"۔ صاحب سپیکر! آج جب کہ آپ نے مجھے کچھ بولنے کے لئے ٹائم دیا ہے میں آپ کی شکر گزار ہوں۔ مجھے نہ وزارتیں چاہیئے تھی، نہ صدارتیں اور نہ کمرے مگر میں نہایت آداب کیساتھ آپ کے سامنے اپنے علاقے کے گھمبیر مسائل پیش کروں گی اور محترم وزیر اعلیٰ صاحب یہاں موجود ہیں، تمام وزراء یہاں پر موجود ہیں میں ان سے گزارش کروں گی کہ جس جس منسٹر صاحب کا بھی تعلق، میرے اس مسئلے سے ہے، وہ انہیں نوٹ کریں گے اور انکا مثبت جواب دیں گے۔ صاحب سپیکر! چند ایک چیدہ چیدہ مگر حساس نوعیت کے مسائل ڈیرہ اسماعیل خان کو درپیش ہیں اور اس سے پہلے کہ ڈیرہ اسماعیل خان بجٹ میں تھوڑا سا اور بھی دیا جاتا تو ھم لوگ آپ کے شکر گزار ہوتے۔ میں آپ سے یہ بھی کہتی چلوں کہ یہاں صوبہ سرحد میں جتنے بھی لیڈ آئے، جتنے بھی یہاں پر وزراء اعلیٰ آئے، جتنے بھی یہاں سے وزیر بنے، ڈیرہ اسماعیل خان کو سوائے ذوالفقار علی بھٹو کے اور کسی نے کچھ نہیں دیا مگر میں آپ سے یہ استدعا کرتی ہوں کہ جو مسائل آج میں آپ کے سامنے پیش کر رہی ہوں، انکا نوٹس لے کر انہیں ضرور حل کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ بلکہ آپ ڈی ائی خان تشریف لائیں اور ہمارے مسائل دیکھیں۔ آپ لوگ جب دورہ کرتے ہیں تو بڑی بڑی خوبصورت شاہراوں کو سجایا جاتا ہے، سڑکوں کو سجایا جاتا ہے۔ مگر کبھی بھی آپ نے یہ نہیں سوچا کہ آپ کی گاڑی کا پہیہ کبھی کسی کھڈے میں جا کر لگتا ہے تو آپ کو شاید یہ محسوس نہیں ہوا ہوگا۔ اب محسوس ضرور ہوگا ان شاءاللہ تعالیٰ، تو صاحب سپیکر! بات یہ ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان کو جلد از جلد سوئی گیس فراہم کی جائے۔ دامان کے علاقہ میں لوگ پیاس سے تڑپ رہے ہیں، وہاں کم از کم سرکاری پانی کا انتظام تو کیا جائے کم از کم ایک ٹیوب ویل تو ضرور لگایا جائے۔ برسوں سے وہ لوگ اس چیز کے لئے اور اپنے مسائل کے لئے کوشش کر رہے ہیں مگر آج تک پانی کی ایک بوند بھی وہاں تک نہیں پہنچی۔ تیری بات کہ شہریوں کی سہولت کے لئے پشاور کی

طرح جنرل بس ٹرمینل بنایا جائے وہاں پہ۔بنوں کی طرح ڈیرہ ائرپورٹ کو بھی انٹرنیشنل کا درجہ دیا جائے تکہ یہاں سے پنجاب اور جنوبی اضلاع کے لوگوں کی ملک سے باہر تجارت کا کاروبار کرنے میں سہولت ہو۔ائرپورٹ کو وسیع کیا جائے اور تمام جدید قسم کے آلات وہاں پر نصب کئے جائیں۔ڈیرہ بائی پاس کو جلدازجلد مکمل کیا جائے۔خواتین کے لئے اور بچوں کے لئے تفریحی پارک بنائے جائیں۔پشاور کی خوبصورتی کے لئے فنڈ مختص کئے گئے ہیں،ویسے ہی ڈیرہ کی خوبصورتی کے لئے بھی فنڈ مختص کئے جاسکتے تھے۔ڈیرہ کی خوبصورتی کے لئے تھوڑے سے فنڈز مختص کردیجئے گا۔آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔سرکل روڈ ڈیرہ سے تجاوزات ہٹاکر کشادہ کیا جائے اور درمیان میں حدرکھ کر آنے جانے میں سہولت پیدا کی جائے تاکہ روزانہ ایکسیڈنٹ کے ذریعے قیمتی جانیں اور وقت ضائع نہ ہوں۔انڈس ہائی وے کو جلد مکمل کیا جائے۔چاروں مین بازاروں میں تجاوزات ہٹاکر کشادہ کیا جائے اور آنے جانے کا راستہ بنایا جائے تاکہ ٹریفک آسان ہو۔نئے سکول کھولنے کی بجائے چالو سکولوں کو سہولیات بہم پہنچائے جائے یعنی انھیں اپ گریڈ کیا جائے اور انھیں سٹاف دیا جائے (تالیاں) گومل میڈیکل کالج کے تمام مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں۔ڈیرہ اسماعیل خان کو Big city قرار دیا جائے،ڈیرہ کے لئے کاغذات، گھتہ سازی، کپڑے کے کارخانے کی منظوری دی جائے تاکہ لوگوں کو وہاں روزگار مہیا ہوسکے۔آخر میں ڈیرہ کی ترقی اور خوبصورتی کے لئے آپ سے گزارش کروں گی کہ اس کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جو مولانا صاحب کی چیئرمین شپ میں تمام ایم پی ایز ہوں اور وہ ڈیرہ کی خوبصورتی کے لئے کام کریں۔آپ ہمیں فنڈ دیں اور ڈی آئی خان آئیں اور وہاں کی گلیاں دیکھیں۔ڈی آئی خان کی آپ کم از کم حالت زار دیکھیں جتنے وزراء وہاں پر آتے ہیں۔وہ انہی خوبصورت شاہراہوں سے گزر کر چلے جاتے ہیں مگر کسی کی نگاہ اس چیز پر نہیں پڑتی۔ (تالیاں) لیکن آپ کی شکر گزار ہوں کہ آپ نے۔مجھے ٹائم دیا ہے۔میں نے To the point تقریر کی ہے اور To the point آپ سے سوال کئے ہیں، To the point جواب لوں گی۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی۔جناب اسراراللہ خان گنڈاپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔جناب سپیکر! اس بجٹ پر بحث کرنے سے پہلے چند باتیں میں کرنا چاہوں گا۔ یوں تو ہمیشہ بجٹ کے متعلق یہی سمجھا جاتا ہے کہ محض الفاظ کا ہیر پھیر ہی ہوتا ہے مگر چونکہ مجلس عمل کی حکومت ایک انقلابی ایجنڈے کے تحت اس صوبے میں بر سر اقتدار آئی، تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان پر ذمہ داریاں اور ابھی زیادہ ہیں۔ اور جو Commitment یا وعدے یا جو ان کے اقدامات ہیں، جو کہ انہوں نے اس بجٹ میں پیش کئے ہیں، اگر وہ اس پہ عمل درآمد نہ کر سکے تو یقیناً اس کے بعد وہ ایک بر سر اقتدار، اعتماد کی حیثیت سے تو صوبے کے امور چلا سکے گی مگر جو انقلابی ایجنڈا ہے، وہ اسی دن سے ختم ہو جائے گا جب لوگوں کا اعتماد اس حکومت پر سے اٹھ جائے اور وہ میرے خیال میں یہ پہلا جو انکا بجٹ ہے، یہ ان کے لئے ایک ٹیسٹ کیس کی حیثیت رکھتا ہے۔ جناب سپیکر! مجلس عمل حکومت کا جو وژن جناب وزیر صاحب نے پیش کیا ہے اپنی بجٹ تقریر میں، اس میں انہوں نے نو ایسے سیکٹروں کی نشاندہی کی ہے، جہاں پر وہ اقدامات کرنا چاہتے ہیں، جناب سپیکر! اگر ہم جنرل پرویز مشرت کے ایجنڈے کو بھی دیکھیں تو وہ بھی جب بر سر اقتدار آئے تھے تو انہوں نے بھی ایسے چند سیکٹرز کی نشاندہی کی تھی اور جب یہ تین سال ختم ہو گئے جیسے انہوں نے بھی تین سال کا ٹائم مانگا ہے، تو آج یہ حال ہے کہ مرکز میں مجلس عمل اور دوسری جو اپوزیشن کی جماعتیں ہیں، وہ ان کی وردی کے پیچھے پڑی ہوئی ہیں۔ کل کو ایسا نہ ہو کہ یہ جو نو نکاتی ایجنڈا مجلس عمل کا ہے، کل کو لوگ ان کے پیچھے بھی ایسے ہی پڑ جائیں جیسے آج یہ جنرل مشرف کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔ تو یقیناً ان کے لئے مجلس عمل حکومت کو ضرورت ہو گی ایسے اقدامات کی، انقلابی اقدامات کی، جو ان کا ایجنڈا ہے۔ اس کو پورا کر سکیں۔ اس کے ساتھ میں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ وزیر صاحب نے خود اپنی بجٹ تقریر میں اس حقیقت کا اظہار کیا ہے کہ ہمارے صوبے کی جو Main emphasis ہے، وہ زراعت پر ہے اور زراعت کی ترقی کے لئے ہم کوشاں ہیں اور یہ زرعی صوبہ ہے مگر جو مجلس عمل حکومت کا وژن ہے، اس میں زراعت کا شروع سے ذکر ہی نہیں ہے تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ بجٹ تقریر میں کیا یہ دونوں چیزیں مختلف ہیں؟ کیا زراعت کا خیال ان کو بعد میں آیا یا یہ ان کے وژن میں شامل نہیں ہے؟ مگر اس کے لئے وہ نیک خواہشات کا اظہار تو کر سکتے ہیں زراعت کی ترقی کے لئے جناب سپیکر! میں یہ کہنا چاہوں گا کہ ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب کا تعلق ضلع بنوں سے ہے، لکی، ڈی آئی خان اور

ٹانک، یہ وہ اضلاع ہیں جہاں پر رود کوہی نظام آبپاشی چلتاہے اور موجودہ حکومت کی یہ ذمہ داری ہے کہ جہاں آبپاشی کے لئے وہ فنڈز مختص کرتے ہیں، رود کوہی نظام آبپاشی کے لئے بھی وہ فنڈز مختص کریں تاکہ جو ریکارڈ فنڈز ان کے ملے تھے، وہ آفتاب احمد خان شیر پاؤ جب وزیر اعلیٰ تھے۔ اٹھانوے لاکھ کے قریب، لیکن اب رود کوہی کے لئے جو فنڈز مختص ہوئے ہیں، وہ پچھلے سال چالیس لاکھ پہ آکر رک گئے ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب اس سے بخوبی باخبر ہے وہ ان فنڈز کی تعداد کو اس جگہ تک پہنچادیں جہاں پر یہ جو رود کوہی کے ورکس ہوتے ہیں، یہ صحیح طریقے سے اپنے انجام کو پہنچ سکیں اور جو Cultivable Area ہے، وہ اگر آپ پورے صوبے میں دیکھیں، چوبیس اضلاع میں سے ڈی آئی خان پہلے نمبر پر ہے۔ دوسرے نمبر پر لکی ہے، ٹانک اور بنوں بھی اس میں آتے ہیں تو اگر رود کوہی نظام آبپاشی کی طرف آپ توجہ دیں گے تو یہ یقیناً ایک احسن اقدام ہوگا، جناب سپیکر! تعلیم کے لئے جو انہوں نے عملی اقدامات کا اظہار کیا ہے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو ڈراپ آؤٹ کا انہوں نے کہا ہے کہ اکثر ڈراپ آؤٹ ہو جاتا ہے اس وجہ سے کہ وہاں پر اساتذہ نہیں ہیں میرے خیال میں یہ محض الفاظ کا ہیر پھیر ہی ہوگا جناب سپیکر، کیونکہ ڈراپ آؤٹ اس جہ سے ہے کہ وہاں پر ٹیچرز ڈیوٹی نہیں کرتے اور اس میں جو بے جا تبادلے ہیں ان کا اس پر معاملہ بھی کھڑا ہو گیا تھا۔ اگر مہربانی کرکے اپنی پالیسیوں کو وہ Sustainability دیں سکیں تو یہ ڈراپ آوٹ کی شرح نئے سکولوں کی تعمیر سے یا اساتذہ کی بھرتی سے نہیں بلکہ ڈراپ آوٹ اس شکل میں بھی کم ہو سکتا ہے کہ بے جا مداخلت نہ کی جائے اور اس کے ساتھ ساتھ ان تمام دیہاتوں میں جہاں پر سکول ہیں وہاں پر بجلی پانی سڑکوں کی فراہمی کی جائے تاکہ جس استاد کو وہاں پڑ ڈیوٹی ہو، وہ وہاں پر ڈیوٹی کرسکے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایسے اقدامات سے بھی یہ تعلیم کی توجہ ہوسکتی ہے چیک اینڈ بیلنس کا ایک سسٹم ہونا چاہیئے جناب سپیکر! خیبر میڈیکل کالج کی بات ہوتی ہے کہ اس کو ہم نے یونیورسٹی کا درجہ دیا ہے، یہ آپ کو بھی علم ہے کہ اس کو بے نظیر نے بھی درجہ دیا تھا، نواز شریف نے بھی دیا تھا لیکن عملی اقدامات کسی نے نہیں اٹھائے۔ موجودہ حکومت کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ ماضی کی حکومتوں کی طرح صرف اعلانات ہی نہ کرے بلکہ اس سلسلے میں ایک صحیح قدم اٹھائے اور جہاں تک خواتین کے لئے میڈیکل کالج، یونیورسٹی، سپورٹس ڈائریکٹوریٹ کے قیام کی باتیں ہیں جناب سپیکر، میں یہ کہنا چاہوں گا کہ طلباء کے مستقبل سے کھیلنے سے پہلے PDMC کی

جوRecognition ہے یاUGC کی جوRecognition ہے، وہ پہلے ہی حاصل کر لیں تاکہ ان طلباء کے مستقبل کا جو فیصلہ ہے، وہ اسمبلیوں کے سامنے نہ ہو کہ وہ نعروں کی شکل میں یا مجلس عمل حکومت کے پاس آئیں یا اس کے بعد جو دوسری حکومت اگر کبھی آئے تو اس کے سامنے، بلکہ جو ضروری اقدامات ہیں، وہ پہلے کرنے چاہئیں بجائے اس کے کہ محض کھوکھلے نعروں سے عوام کی توجہ اس طرف دلائی جائے۔ صحت کے شعبے میں جناب سپیکر، مجلس عمل حکومت یہ اقرار کرتی ہے کہ ہم نے فنڈز سپیشل جوRehabilitation ہے مریضوں کے لئے وہ فراہم کیا، بہت اچھا قدم ہے لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو چھ سو ڈاکٹرز کی سمری ہمارے وزیر صاحب کے پاس پڑی ہے اور محض سستی کی وجہ سے اس پر عمل درآمد نہیں ہو رہا تو مہربانی کر کے اس طرف بھی توجہ دیں تاکہ ان کی بھرتی ہو جائے اور ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز اور تحصیل ہیڈ کوارٹرز میں جو خالی پوسٹیں ہیں، ان پر تعینات ہو سکیں اور جلد از جلد اس میں کوئی عملی قدم اٹھا سکیں۔ ہماری مجلس عمل کی حکومت مرکز سے یہ گلہ کرتی ہے اور یقیناً اپوزیشن جماعتوں اور حکومت کا جو واک اوٹ تھا، وہ قابل تحسین تھا کہ این ایف سی میں ہمیں اپنے حقوق نہیں ملتے۔ ایک چیز کا اقرار ہوتا ہے مگر وہ ملتا نہیں لیکن میں کہتا ہوں کہ (پی ایف سی) پراونشل فنانس کمیشن، جس پر عبدالاکبر خان کے خدمات ہیں اور میں نے بھی اس پر سپیچ کی تھی، وہ محض اس وجہ سے رہ گئی کہ ہماری مجلس عمل کی جو حکومت ہے، اس طرف توجہ ہی نہ دے سکی آرڈیننس میں وہ35% کا کہتے ہیں، مجلس عمل کی حکومت60% دیتی ہے60% دیتی ہے اور اس کا نقصان یہ ہے کہ تعمیر سرحد پروگرام میں620 ملین آپ کے پاس پڑے ہیں لیکن ڈسٹرکٹ ڈیویلپمنٹ کے لئے آپ960 ملین دیتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ آپ نے خود اپنے ممبران اسمبلی کی حیثیت ضلع کے حساب سے دوسرے درجے کے شہری کی کر دی ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری حکومت کی سستی ہے اور کوئی وجہ نہیں ہے کیونکہ وہ ایک Interim Award تھا اگر یہ حکومت،In time اس میں کوئی تبدیلیاں کرتی تو یقیناً وہ کر سکتے تھے لیکن انہوں نے اس طرف کوئی توجہ ہی نہیں دی بلکہ مذید یہ بھی کہدیا۔ کہ اس سال ہم10% مزید دیں گے۔ یقیناً جب ہماری حکومت انتظامی اختیارات کی طرف توجہ دیتی ہے، دو ناظمین کو اس اسمبلی میں پیش کرنے کے دعوے ہوتے ہیں تو اس وقت تو یہ باتیں چلتی ہیں لیکن جو مالی انتظامات ہیں، اس کی طرف کون توجہ دے گا؟ کہ یہ مجلس عمل حکومت

کی ذمہ داری نہیں ہے؟ کیا یہ ان کی ذمہ داری نہیں ہے کہ مالی انتظامات پر بھی یہ توجہ دیں؟ لیکن ابھی جو بات ہو گی یقیناً یہ بجٹ ان کا پیش کردہ ہے اور جو یہ ان کے ممبران اسمبلی ہیں، باوجود اس کے کہ اگر اپوزیشن کی بات میں وزن بھی ہو گا لیکن محض اس وجہ سے اگر کل کو بجٹ فیل ہو جاتا ہے تو اس سے ساری حکومت جاتی ہے اور یقیناً یہ اس چیز کو پاس بھی کریں گے لیکن کیا یہ مجلس عمل کی حکومت اپنے صوبے کی صوبائی خود مختیاری پر پہلے ایک ڈنٹ نہیں ہے کہ انہوں نے اس طرف توجہ نہیں دی اور اس وجہ سے 35 کی بجائے 60% اب ضلعوں کو جا رہا ہے۔ جناب سپیکر! جو بجٹ پیش ہوا ہے، اس میں 867 ملین کی بچت کا اعلان کیا گیا ہے جو کہ ہمارے اپنے اخراجات تھے، ان کو قابو میں رکھنے کی وجہ سے، یہ ایک احسن اقدام ہے مگر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ سیونگ اور بھی زیادہ ہوتی اگر NON.ADP سکیموں کو ADP کے زمرے میں نہ ڈالا جاتا اور مجلس عمل کی حکومت کے بر سر اقتدار آنے کے بعد جو سپلیمنٹری بجٹ میں ایک خاص ضلع کے لئے ڈیویلپمنٹ پلان ہے، میں اس ضلع کا ذکر نہیں کرنا چاہتا تھا کہ اس ضلع کے باقی ممبران کو دکھ نہ ہو کہ ہمارے ساتھ تعصب رکھتے ہیں مگر میں ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے لئے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سپلیمنٹری بجٹ 03-2002 کے صفحات 80,100,110,111,112,113 پر وہ ساری سکیمیں موجود ہیں جن پر کروڑوں روپے خرچ ہو چکے ہیں اور محض ایک ضلع کے لئے۔ اس میں پارک بھی بن رہے ہیں۔ یہاں پر جہاد کا ذکر ہوتا ہے، مولانا صاحب نے بڑی اچھی بات کی۔ میرے اپنے چچا کا بیٹا اس جہاد میں شہید ہو چکا ہے اور وہ ایک عظیم رتبے پر فائز ہو چکا ہے لیکن کیا یہ مجلس عمل کی حکموت کی ذمہ داری نہیں ہے کہ جب، فضل قادر شہید پارک بنوں میں بن سکتا ہے تو ان شہداء کے لئے بھی آپ ایک پارک بنا دیں۔ آپ ان کے نام پر ایک یادگار بنا دیں۔ ایک ایسی یادگار جو کہ ان لوگوں کے لئے رہے کیونکہ انہوں نے افغانستان میں قربانیاں دی تھی، انہوں نے جہاد میں حصہ لیا تھا اور بجائے اس کے کہ محض ایک ضلع تک ان کو محدود کریں۔ پشاور میں آپ ان کی ایک یادگار بنائیں تاکہ جو شہداء ہیں اور ان کے جو ورثاء ہیں، ان کے لئے یہ بات رہے کہ آج ہمارے لئے جو مجلس عمل کی حکموت بر سر اقتدار آئی ہے، اس حکومت نے یادگار حیات بنائی ہے۔ باچا خان چوک بن گیا ہے۔ یہ یادگار شہید افغانستان بنائیں۔ میں سمجھتا ہوں (تالیاں) کہ اگر وہ یہ بناتے ہیں تو اپنے فنڈ میں سے میں ان کو پیسے دوں گا اور بالکل جتنا بھی یہ لینا چاہیں لیں اور اس پر

لگالیں لیکن اس طرف ایک اقدام کی ضرورت ہے۔ محض یہ نہ ہو کہ ہم شہداء کے لئے لڑ رہے تھے اور وہ ایک احسن اقدام تھا۔ آپ ان کی جو قربانیاں ہیں، ان کا صحیح معنوں میں ذکر کریں۔ جناب سپیکر! NON-ADP سکیموں کا جو میں نے ذکر کیا ہے۔ وہ Re-appropriation جیسے بجٹ الفاظ ہیر پھر ہوتا ہے، اس میں جب بجٹ 03-2002 پر ووٹنگ کے لئے Revised Budget ہمارے سامنے پیش ہوگا تو اس میں آپ دیکھیں گے کہ محض کہیں پر 70 روپے زیادہ استعمال ہوئے ہوں گے، کہیں پر 110 روپے اور وہ باقی Re-appropriation ہوگا۔ وہ ساری Non development کی سکیمیں، NON-ADP سکیمیں جو تھیں، وہ ڈیویلپمنٹ کے زمرے میں ڈال کر محض ایک ضلع کے لئے مختص کر دی گئی ہیں اور یہ 867 ملین کی ADP جو بھی، وہ پیش کی گئی کہ یہ اس مد میں ہم کو سیونگ ہوتی ہے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ یہ سارے صوبے کا حق تھا اور یہ مزید بھی بہتر ہوتی اگر یہی Re-appropriation ہو یقیناً اتنا جب آپ بنڈل لے آتے ہیں کتابوں کا تو اس کو کوئی بھی نہیں پڑھ سکتا لیکن اگر آپ صدق دل کے ساتھ سوچیں اور اپنی ذمہ داری کو محسوس کریں تو آپ یہ یقیناً جانیں گے کہ اس میں صرف ایک ضلع یا دو ضلعوں کے لئے فنڈز نہیں تھے بلکہ یہ سیونگ جو تھی، اس میں پورے صوبے کا حق تھا۔ 51 ارب کا جناب سپیکر، جو بجٹ پیش ہوا ہے، اس میں ہمارے وزیر صاحب کہتے ہیں کہ اگرچہ یہ 151 ارب کا ہے لیکن ہم اپنے اخراجات جو ہیں، وہ Realistic انداز میں کریں گے، مطلب یہ ہے کہ جو اصل ہمیں ملے گا، اس کے مطابق ہم نے اپنی پالیسیاں ڈیزائن کرنی ہیں اور وہ خود کہتے ہیں کہ موجودہ بجٹ کا 24% بجٹ جو ہے، وہ ترقیاتی بجٹ ہے، میں جناب سپیکر، یہ پوچھنا چاہتا ہوں کیا اس بجٹ میں کوئی نئی بات سامنے آئی ہے؟ نئی ٹرمینالوجی (Terminology) جو استعمال ہوئی ہے، وہ 'Additional ADP' کی ہے۔ یہ کوئی ایسا لفظ ہے جو ہم نے پہلے کبھی نہیں سنا تھا۔ ایڈیشنل اے ڈی پی کیا چیز ہوتی ہے؟ اے ڈی پی ہوتی ہے، فارن ایڈ پروگرام ہوتے ہیں، ڈیویلپمنٹ پروگرام ہوتے ہیں۔ ایڈیشنل اے ڈی پی، اچھا اس میں انہوں نے جو زبردست چیز رکھی ہے جیسے مارشل لاء کے شروع میں ایک پی سی او Provincial Constitutional Order نکال لیتے تھے In continuation میں کر کے جو بھی آئین کا ستیاناس کرنا ہوتا ہے، وہ پی سی او میں ڈال دیتے تھے، اب یہ 'ایڈیشنل اے ڈی پی' کا جو لفظ

استعمال ہوا ہے، اس میں جو پروگرام آگے آرہا ہے، وہ یہی ہے کہ ممبران اسمبلی کو خوش کرنے کے لئے وہ ساری جو ان کی سکیمیں ہیں، اپوزیشن کا تو نام ہی نہ لیں کیونکہ ان کے ساتھ تو صرف Commitment ہوتی ہے، یہ جو ان کے اپنے ممبران ہیں، ایڈیشنل اے ڈی پی میں وہ ساری کی ساری ڈالی گئی ہیں۔ اے ڈی پی میں آپ New Schemes دیکھیں، صرف سات ہیں، صرف سات اور Ongoing Scheme جو ہیں، وہ 251 ہیں جبکہ 'ایڈیشنل اے ڈی پی' میں جناب سپیکر، یہ ایف 16 کی میں بات کر رہاں ہوں، اے ڈی پی میں اس کا ذکر ہے، اس میں، ایڈیشنل اے ڈی پی میں 961 نئے سکیمیں ہیں، مطلب یہ ہے کہ جس کو خوش کرنا ہے وہ ایڈیشنل اے ڈی پی میں ڈال دیں اور صرف 12 جو ہیں، وہ Ongoing سکیمیں ہیں۔ اس کا End of the Day result یہ ہوگا جناب سپیکر، کہ جن ممبران اسمبلی کی Approach ہوگی، یقیناً حکومتی بینچز سے ہی ہوں گے، جب وہ ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب کے پاس یا جو Concerned authorities ہیں ان کے پاس جائیں گے تو جن کا زور زیادہ ہوگا، وہ جو اے ڈی پی سے آپ کی سیونگ ہو جائے گی۔ ایڈیشنل اے ڈی پی میں ان سکیموں کو تو آپ کر لیں گے لیکن جو یہ 961 سکیمیں ہیں، ان کے لئے آپ فنڈز کہاں سے Generate کریں گے؟ مجھے تو اس چیز کی سمجھ نہیں آتی۔ اگر واقعی آپ اپنے ممبران کے ساتھ سنجیدہ ہیں، اپوزیشن کا ذکر چھوڑ دیں، اگر آپ ان کے ساتھ سنجیدہ ہیں، اگر آپ ان کے ساتھ Commitment میں سنجیدہ ہیں تو ان کی سکیمیں بھی آپ اے ڈی پی میں ڈال دیتے۔ 'ایڈیشنل اے ڈی پی' کا جو لفظ آپ نے استعمال کیا ہے، کیا یہ ان کے ساتھ محض دھوکہ نہیں ہے؟ اس میں جناب سپیکر، مزے کی ایک اور بات آتی ہے، جو شیڈول ہمیں دیا گیا ہے 2003-04 کا، اس میں دو ایسے ہیڈز ہیں جن میں کوئی رقم مختص نہیں کی گئی ہے۔ اس پر سٹار کا نشان لگا یا گیا ہے۔ وہ ایک Minimum Wage Board ہے اور دوسرا ایڈیشنل اے ڈی پی، اس میں کوئی، شیڈول آپ دیکھ لیں، یہ میں اپنی طرف سے نہیں کہہ رہا ہوں، اس میں پیسوں کا ذکر نہیں ہے، صرف منظوری لے لیں گے، اس پر ووٹنگ ہو جائے گی۔ بعد میں جتنی بھی اس میں سیونگ ہوگی، جس کا بس چلے گا، وہ اپنی سکیمیں کروالے گا۔ جس کا نہیں چلے گا، اس کی اگلے سال کے لئے ہو جائیں گی۔ میں یہ پوچھتا ہوں جناب سپیکر، کہ ہماری حکومت شریعت کے نفاذ میں پہلے اس قدم کا اظہار کرتی ہے کہ اسلام جو ہے، امر بالمعروف اور نہی

عن المنکر، پر منحصر ہے۔ جناب سپیکر! اس میں یہ بھی ہے کہ اعمال کا دار و مدار نیتوں پر ہے کیا ان کے اس عمل سے، ان کے اس عمل سے جو ایڈیشنل اے ڈی پی کے نام پر یہ اپنے ممبران اسمبلی کے ساتھ کر رہے ہیں۔ کیا اس چیز کی ان کو جزا ملے گی یا سزا ملے گی؟ چونکہ اسلام میں صرف ایک چیز نہیں ہوتی، وہ مکمل ضابطہ حیات ہے۔ جناب سپیکر! اپنے ضلع کے ساتھ جو زیادتیاں ہوئی ہیں، ان کا تذکرہ بھی آخر میں کرنا چاہوں گا۔ آپ کا مختصر ٹائم لوں گا۔

جناب سپیکر: تھوڑا وقت رہ گیا ہے۔

جناب اسرار اللہ خان: مختصر، ضلع کی نظریں بھی مجھ پر ہوں گی کہ انہوں نے ضلع کے لئے کیا کیا ہے؟

جناب سپیکر: صوبے کی نظریں آپ پر ہیں کہ آپ کیا کیا کہتے ہیں۔

جناب اسرار اللہ خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! ہمارے جو روڈز ہیں، ان میں سے کوئی بھی نئی روڈ ڈی آئی خان کے لئے نہیں ہے۔ ویسے سمجھا جاتا ہے کہ یہ ADP نہیں بلکہ 'BDDP' بنوں، ڈیرہ ڈویلپمنٹ پروگرام ہے (تالیاں) لیکن اس میں جو نئے روڈز ہیں، ان میں کوئی بھی نہیں ہے۔ اس میں نئے ٹیوب ویل کوئی بھی نہیں ہیں۔ اگرچہ وہ دامان کا علاقہ ہے، وہاں پر اس وقت بھی پانی کی شدید تکلیف ہے جیسے محترمہ نے کہا لیکن وہاں پر نئی سکیم کوئی بھی نہیں ہے۔ وزیر اعلیٰ صاحب جو میرے الیکشن کے موقع پر آئے تھے، انہوں نے دو کروڑ Rehabilitation کے لئے اعلان کیا تھا لیکن صرف ٹوکن میرے خیال میں انہوں نے دس لاکھ اس کے لئے رکھیں ہیں تو کیا دو کروڑ سے ٹوکن پرائز دس لاکھ پر آگئی ہے؟ یا الیکشن گزر جانے کے بعد ان کی ترجیحات تبدیل ہو چکی ہیں؟ اگر وہ نئے ٹیوب ویلز نہیں لگانا چاہتے تو مہربانی کر کے ان کو ہی ٹھیک کرا دیں۔ جناب سپیکر! میں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ بارانی ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کا ذکر ہوتا ہے، اس میں دس ضلعے شامل ہیں۔

جناب سپیکر: نثار محمد خان! نن پکښې هډو د چائے غړ نه کوے چې د چائے یوه وقفه پکار ده۔ ہاں!

جناب اسرار اللہ خان: اس میں جی چند باتیں میں کرنا چاہوں گا کیونکہ میرے خیال میں Irrelevant نہیں بول رہا ہوں۔ یہی چیزیں ہیں جو بجٹ میں آپ discuss کرتے ہیں۔ اگر دھینگا مشتی ہو تو وہ تو سب ہی کر سکتے ہیں۔ جناب سپیکر! چند مختصر گزارشات ہیں۔ بارانی ڈویلپمنٹ پراجیکٹ ہے، اس میں ڈیرہ اسماعیل

خان اور ٹانک کا ذکر ہی نہیں ہے اگرچہ ڈیرہ اسماعیل خان کا Cultivable area جو ہے، وہ دو لاکھ، سترہ ہزار ہیکٹر ہے اور ٹانک کا ستتر ہزار ہیکٹر ہے اور جناب سپیکر، وہ رود کوہی ایریا ہے، اس کا پانچ لاکھ، سینتالیس ہزار ایکڑ جو ہے، وہ ریکارڈ پر ہے کہ وہ رود کوہی ایریا ہے لیکن بارانی ڈیویلپمنٹ پراجیکٹ میں نہ ڈی آئی خان کا ذکر ہے اور نہ ٹانک کا ذکر ہے۔ براہ مہربانی اس سلسلے میں عملی اقدامات کئے جائیں تاکہ ابھی ہم یہ نہیں کہتے کہ 'دس' کو آپ نکال دیں لیکن ان 'دو' کو بھی ڈال دیں۔ اس کے ساتھ جناب سپیکر! ڈراوٹ سکیموں کے لئے جو مختص رقم ہے، وہاں دامان کا علاقہ ہے، مہربانی کر کے اس پر کام شروع کروادیں۔ وزیر صاحب Concerned سے میری گزارش ہے اور اسکے ساتھ ساتھ جناب سپیکر، میں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ ہمارے وزیر زراعت صاحب نے یہاں پر اسمبلی میں ایک Statement دی تھی کہ وہ جو فارم سروس سنٹر کی پالیسی تھی، اس کو Revise کر رہے ہیں اور اس کے بعد یہ ہوگا کہ نئی پالیسی جو ہوگی وہ زراعت کی بہتری کے لئے ہوگی لیکن ہمارے وزیر صاحب کہتے ہیں کہ پچیس فارم سنٹرز جو ہیں، ان کو مزید مستحکم کریں گے۔ تو کس کی بات صحیح ہے؟ کیا Concerned Minister کی بات صحیح ہے یا وزیر خزانہ صاحب کی بات صحیح ہے جو کہتے ہیں کہ ہم ان کو مستحکم کریں گے؟ براہ مہربانی اس کو دوبارہ Revise کیا جائے اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ وزیر صاحب نے جو میٹنگ Preside کی تھی، اے سی ایس صاحب بھی بیٹھے ہوئے تھے، ہر ایک اپوزیشن ممبر کے ساتھ یہ وعدہ کیا گیا تھا کہ ہم آپ کو کم از کم ایک سکیم دیں گے لیکن مزے کی بات یہ ہے کہ میرے خیال میں ڈیرہ اسماعیل خان میں تو کسی ممبر کی مرضی پر کوئی سکیم بھی نہیں ہے او باقی اپوزیشن بینچوں کا انشاءاللہ حال یہی ہوگا جو ڈی آئی خان کا ہے۔ میری یہ گزارش ہے اسلام میں ایفائے عہد کا بھی ذکر ہے، اگر مہربانی کر لیں آپ ایک Commitment کریں تو مہربانی کر کے اس کو پورا کریں۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

Mr. Speaker:- The House is adjourned for tea break.

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی چائے کے لئے ملتوی کر دی گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔جناب شاہ راز خان صاحب! موجود نہیں ہیں۔ قلندر خان لودھی صاحب، موجود نہیں ہیں۔۔۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر! کورم میرے خیال میں مکمل نہیں ہے۔ اگر آپ کاؤنٹ کر لیں تو۔۔۔
جناب سپیکر: میرے خیال میں یہ تو پہلے طے ہوا تھا قلندر خان لودھی صاحب۔
جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب! میں پوائنٹ آف آرڈر پر ہوں جی۔
جناب سپیکر: جی۔
جناب عبدالاکبر خان: جو ایجنڈا ہمیں ملا ہے، اس میں آپ نے دو نشستوں کا کیا ہے کہ آج دوسری نشست ہوگی، ایک تو اس میں ٹائمنگ کا ذکر نہیں ہے کہ کس ٹائم پر ہوگی اور دوسری بات یہ ہے کہ رولز کے مطابق چار دن ہیں۔ اگر آپ چار دن دیتے ہیں بجٹ ڈسکشن کے لئے تو وہ تو پھر ایک ہی نشست سے کام ہو سکتا ہے۔ ہاں اگر بولنے والے ممبرز زیادہ ہوں تو تیسرے دن پر پتہ لگ جائیگا۔ اگر وہ ایک نشست میں ختم نہیں ہو سکتے تو چوتھے دن آپ دو نشستیں کر لیں لیکن اس سے پہلے اگر یہ ختم بھی ہو جائے تو Naturally آپ نے تو چار دن دینے ہیں اور Under the rules، کٹ موشن تو چار دن کے بعد لئے جائینگے تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر آنریبل ممبرز تیسرے دن Speeches سے رہ جائیں تو پھر چوتھے دن آپ دو سیشن رکھ لیں، زیادہ کر لیں تو ختم کر لینگے۔ اگر اس سے پہلے Speeches ختم ہو جائیں۔ تو پھر بھی کٹ موشن آپ کو چار دن کے بعد لینے پڑینگے۔
جناب سپیکر: عبدالاکبر خان صاحب! آپ بجا فرما رہے ہیں۔ اسمبلی سیکرٹریٹ نے یہ کوشش کی ہے کہ چونکہ ہاؤس کے ممبران کی تعداد زیادہ ہے اور زیادہ معزز اراکین بجٹ پر بولنا چاہیں گے تو چونکہ ہم جمہوری لوگ ہیں تو ہم نے سیکنڈ وقت کا تعین اس لئے نہیں کیا کہ آپ سے صلاح مشورہ کر کے سیکنڈ وقت کا ہم آپ کے مشورے سے تعین کرینگے اجلاس کے لئے، ٹھیک ہے اگر آپ لوگ یہ مناسب سمجھتے ہیں کہ چار دن کافی ہیں اور ہم ایوننگ میں اجلاس نہیں کرتے ہیں تو پھر تیسرے دن پر ہم دیکھیں گے کہ کوئی معزز رکن یا راکین رہ جاتے ہیں تو۔۔۔
جناب عبدلاکبر خان: میری ریکویسٹ یہ تھی کہ تیسرے دن کے لئے آپ کے پاس جو لسٹ آئی ہوئی ہے۔ چونکہ نام دینے کی کل آخری تاریخ تھی تو وہ لسٹ Naturally آپ کے پاس پہنچ چکی ہوگی تو اگر

تیسرے دن مثال کے طور پر زیادہ ممبرز رہتے ہیں تو چوتھے دن آپ دو سیشن کرکے انکو ختم کرلیں گے ،سارے ممبرز کو بولنے کا موقع دینگے۔

جناب سپیکر: لیکن ایک استدعا یہ بھی ہو گی چیئر کی طرف سے کہ آپ جتنی Time limit ہو گی،اس میں اپنی Speeches کو Conclude کریں گے تاکہ دوسرے معزز رکن کو بھی موقع مل جائے۔میرے خیال میں،Relevancy جو ہے،یعنی بجٹ پر تنقید اور مثبت تجاویز، کی حد تک آپ محدود رکھیں گے تو یہ زیادہ بہتر ہو گا۔جسطرح صبح سٹارٹ لیا ہے۔ان میں بعض کچھ ایسے الفاظ بھی دونوں طرف سے آئے ہیں جنکو نامناسب الفاظ یا پاکستان توڑنے،یا جہاد کے بارے میں ہیں۔تو میں انکو ریکارڈ سے خذف کرتا ہوں(تالیاں)جی سراج الحق صاحب۔

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر خزانہ): جناب سپیکر صاحب!وقفے سے پہلے ہمارے کچھ دوستوں نے واک آوٹ کیا تھا جو انکا حق تھا بحر حال میں جا کر انکو منا کر یہاں لایا ہوں اس Commitment کے ساتھ کہ ہمارے ایک معزز رکن نے جو الفاظ ادا کئے تھے،دونوں جانبین ایک دوسرے کو نہیں سمجھ سکے اور انہوں نے مجھے لکھ کر دیا ہے کہ میں نے اسطرح نہیں کہا ہے کہ پاکستان کو مسلم لیگ نے تقسیم کیا ہے بلکہ اسطرح بولا تھا کہ پاکستان کو مسلم لیگ نے بنایا ہے اور مسلم لیگ کو مسلمانوں نے بنایا اور مسلمانوں کو فرنگی دور میں غلامی سے نجات علماء نے دلائی ہے۔میرے خیال میں ان الفاظ۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں آپ مولانا عصمت اللہ خان صاحب کے بارے میں کہہ رہے ہیں۔لیکن وہ ملک مجاہد صاحب کے الفاظ تھے اور وہی میں ریکارڈ سے خذف کرنا چاہتا ہوں (تالیاں) اچھا اب فیصلہ یہ ہو گیا کہ شام کے وقت اجلاس نہیں ہو گا لیکن عرض یہ ہے کہ آپ بھی وقت اور ٹائم کی پابندی کرینگے اور میں بھی کرونگا ان شاءاللہ۔قلندر خان لودھی صاحب!آپ کے پاس صرف دس منٹ ہیں،ایک بجکر دس منٹ پر اپ نے تقریر شروع اور ایک بجکر بیس منٹ تک اپ نے Conclude کرنی ہے۔

جناب قلندر خان لودھی: بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔شکریہ۔جناب سپیکر!میں پہلے ختم کرلونگا کیونکہ آپ کو پتہ ہے کہ میں اتنی زیادہ باتیں نہیں کرتا۔

جناب سپیکر: مجھے پتہ ہے کہ ان شاءاللہ Solid تجاویز دینگے۔
جناب قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! اس سے پہلے میرے دوستوں نے باتیں کی ہیں، ان پر کچھ خوشی بھی ہوئی ہے، کچھ ہمارے علم میں اضافہ بھی ہوا ہے اور ساتھ اسکے دکھ بھی ہوا ہے کہ جو مقصد سے ہٹ کر باتیں کی گئی ہیں، وہ اس فلور پر، نہیں کرنی چاہیئے تھیں۔
جناب سپیکر: Chapter closed ہے۔ بس آپ بجٹ پر بولیں۔
جناب قلندر خان لودھی: بجٹ تو ہمارا جی اربوں میں آگیا ہے بڑی خوشی ہوئی اللہ کرے کہ اس کا پریکٹیکل بھی ایسا ہی ہو جائے لیکن میں تو سب سے پہلے سینیئر منسٹر صاحب اور آپکی وساطت سے گورنمنٹ سے پوچھنا چاہونگا کہ جو ہمیں پانچ ملین تعمیر سرحد پروگرام کے تحت دیئے تھے اور انہوں نے کہا تھا، آج سے دو تین مہینے پہلے، جس پر میں نے فلور آف دی ہاؤس پر باتیں بھی کی تھیں اور اس پر میں نے انکو کہا تھا کہ ہمارے یہ ٹینڈر نہیں ہونگے اور یہ پیسے Laps ہو جائینگے حالانکہ انہوں نے ADP میں لکھا ہے کہ یہ Lapsable نہیں ہیں لیکن اگر یہ Lapsable نہیں تھے تو انکے ٹینڈر کیوں نہیں کئے گئے؟ یہ جون میں اگر اسکے ٹینڈر ہو جاتے تو اس میں یہ ہوتا کہ ہماری جو سبکی عوام کے سامنے ہوئی ہے، اس سے ہم بچ جاتے۔ ہمیں اپنی گورنمنٹ نے اپنی مرضی سے یہ پانچ ملین کے پیسے دیئے تھے، ہم نے اسکی سکیمیں دیں، ٹائم پر سکیمیں دے دیں، سب کچھ اس میں پورا ہو گیا۔۔۔
Mr. Speaker:- Order please.
جناب قلندر خان لودھی: اور چیف منسٹر صاحب نے اسکی Approval بھی دے دی۔ اسکے بعد جب میں دس تاریخ کو سیکرٹری بلدیات کے پاس گیا تو انہوں نے کہا کہ یہ نہیں ہو سکتے، یہ Lapsable ہیں، سیکرٹری تو سب اب بھی کہتے ہیں کہ یہ Lapsable ہیں لیکن چونکہ گورنمنٹ یہ کہتی ہے کہ یہ Lapsable funds نہیں ہیں تو ہم ان کی بات کو مان لیتے ہیں لیکن لوگوں کے سامنے جو ہم جھوٹے ثابت ہوئے ہیں، وہ گورنمنٹ جس کا منشور یہ ہے کہ ہم جو بات کہینگے، وہ کرینگے تو انہوں نے ہمارے ساتھ اور اپنے ساتھ کیوں زیادتی کی ہے؟ اگر یہ فنڈز Lapsable بھی تھے تو ٹینڈر کرنے میں کونسی قباحت تھی؟ اگر یہ جون میں ٹینڈر ہو جاتے تو یہ Time off سے بچ جاتے اور جولائی میں کام شروع ہو جاتے تو اس لئے میرا تو کچھ اس بجٹ سے یقین اٹھ گیا ہے، اگر پانچ ملین جو گورنمنٹ نے وعدہ کیا تھا، وہ ہی وفا نہیں

